Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۔ مطبوعہ روزِ دوشنبہ بتاریخ ۲۹ شوال المکرم ۱۳۵۸ھ مطابق ۱۱ دسمبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

غیر معمولی گزٹ

روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

۱ منظوری قوانین مندرجہ ذیل :-

(۱) "قانون ترمیم مجموعہ تعزیرات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء" ۲

(۲) "قانون ترمیم مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء"

(۳) "قانون ترمیم کارخانہ جات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء"

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

روبکار اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۹ر دسمبر ۱۹۳۹ء

حسب استدعائے عالی مرتبت
صاحب چیف منسٹر بہادر مندرجۂ ذیل
قوانین کی منظوری دی جاتی ہے:۔
(۱) قانون ترمیم مجموعہ تعزیرات
ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۲) قانون ترمیم مجموعہ ضابطۂ فوجداری
ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۳) قانون ترمیم کارخانجات
ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
یہ قوانین ۱۱ر دسمبر کو غیر معمولی گزٹ میں
شائع کئے جائیں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض خانہ عالی می رساند

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ غیر معمولی منعقدہ ۹ر دسمبر ۱۹۳۹ء
میں مسودات قوانین مندرجہ ذیل ترقیخواہ نے
پیش کئے:۔
(۱) قانون ترمیم مجموعہ تعزیرات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۲) قانون ترمیم مجموعہ ضابطۂ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
(۳) قانون ترمیم کارخانہ جات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء
اسٹیٹ کونسل کو منظوری قوانین معروضہ
بالا سے اتفاق ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے
کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف
نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب
دولت و اقبال جاوید باد

عرضداشت دستخط عالی جناب صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۹ر دسمبر ۱۹۳۹ء

قانون ترمیم مجموعہ تعزیرات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

تمہید۔ چونکہ قرین مصلحت ہے کہ بعض ایسے افعال و اعمال کو قابل تعزیر قرار دیا جائے جو پبلک انتخابات کے ضمن میں رونما ہو سکتے ہیں۔ لہذا حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے:۔

نام۔ دفعہ (۱)۔ قانون ہذا "قانون ترمیم مجموعہ تعزیرات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء" کے نام سے موسوم ہوگا۔

دفعہ (۲)۔ اس قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔

دفعہ (۳)۔ حسب عبارت ذیل ترتیباً مابین باب ۹ و باب ۱۰ مجموعہ تعزیرات ریاست رامپور بطور باب ۹ (الف) اضافہ کر دی جائیگی۔

باب ۹ (الف)
جرائم متعلق انتخابات

دفعہ ۱۷۱ (الف) اغراض باب ہذا کیلئے "امیدوار" سے مراد وہ شخص ہے جو کسی انتخاب میں بطور امیدوار نامزد کیا گیا ہو۔ اور اس میں وہ شخص بھی شامل ہے جو کسی انتخاب کے درپیش ہونے کے وقت خود کو ہونے والا امیدوار ظاہر کرے۔ بشرطیکہ وہ بعد کو اس انتخاب میں بطور امیدوار نامزد کیا گیا ہو۔

(ب) انتخابی استحقاق سے کسی شخص کے بطور امیدوار کھڑے ہونے یا نہ کھڑے ہونے یا امیدواری سے دست برداری کرنے یا رائے دینے یا رائے دینے سے باز رہنے کا استحقاق مراد ہے۔

رشوت۔ دفعہ ۱۷۱ (ب) (۱) جو شخص۔

(الف) کسی شخص کو خود اس شخص کے یا کسی دیگر شخص کے کسی انتخابی حق کے استعمال کرنے پر آمادہ کرنے کی غرض سے یا کسی شخص کو ایسے حق کے استعمال پر انعام دینے کی غرض سے کوئی مابہ الاستحقاق دے۔ یا

(ب) اپنے لئے یا کسی دوسرے شخص کے لئے کوئی مابہ الاستحقاق بطور انعام کسی ایسے حق کے استعمال کرنے کے لئے یا کسی دوسرے شخص کو کسی ایسے حق کے استعمال کرنے پر آمادہ کرنے یا آمادہ کرنے کا اقدام کرنے کی غرض سے قبول کرے تو وہ جرم رشوت ستانی کا مرتکب ہوتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ مصلحت عامہ کا کوئی اعلان یا کسی کارروائی کا بابت کوئی وعدہ دفعہ ہذا کے تحت کوئی جرم نہ ہوگا۔

(۲) جو شخص کوئی مابہ الاستحقاق پیش کرے۔ یا دینے پر رضامند ہو۔ یا حاصل کرنے کے لئے اپنی خدمات پیش کرے۔ یا حاصل کرنے کا اقدام کرے تو یہ تصور ہوگا کہ اس نے مابہ الاستحقاق دیا۔

(۳) جو شخص کوئی مابہ الاحتفاظ وصول کرے یا قبول کرنے پر رضامند ہو یا وصول کرنے کا اقدام کرے۔ تو یہ اوس کا مابہ الاحتفاظ قبول کرنا متصور ہوگا۔ اور جو شخص ایسے فعل کی وجہ تحریک کے طور پر جسے کرنے کا وہ ارادہ نہ رکھتا ہو یا ایسا فعل کرنے کے انعام کے طور پر جو اوس نے نہیں کیا ہے۔ کوئی مابہ الاحتفاظ قبول کرے تو یہ متصور ہوگا کہ اوس نے مابہ الاحتفاظ بطور انعام قبول کیا ہے۔

اثر ناجائز بوقت انتخاب

دفعہ (۱۷۱) ج۔(۱) جو شخص کسی انتخابی حق کے آزادانہ استعمال میں بالارادہ مداخلت کرتا ہے یا مداخلت کا اقدام کرتا ہے تو وہ اثر ناجائز بوقت انتخاب کے جرم کا مرتکب ہوتا ہے۔

(۲) احکام ضمن (۱) کی عمومیت پر اثرانداز ہونے کے بغیر جو شخص۔

(الف) کسی اُمیدوار یا رائے دہندہ یا کسی ایسے شخص کو جس کی ذات سے اوس اُمیدوار یا رائے دہندہ کو کوئی دلچسپی ہو کسی قسم کے ضرر سے دھمکائے۔ یا

(ب) کسی اُمیدوار یا رائے دہندہ کو یہ باور کرنے پر آمادہ کرے یا آمادہ کرنے کا اقدام کرے کہ وہ یا کوئی شخص جسکی ذات سے وہ دلچسپی رکھتا ہو موردِ عتاب الٰہی یا ملامت روحانی ہوگا۔ تو وہ ایسے اُمیدوار یا رائے دہندہ کے انتخابی حق کے آزادانہ استعمال میں مداخلت کا حسب منشار ضمن (۱) مرتکب متصور ہوگا۔

(۳) مصلحت عامہ کا کوئی اعلان یا کار عامہ کا کوئی وعدہ یا کسی انتخابی حق کا استعمال محض بغیر کسی انتخابی حق میں مداخلت کی نیت کے دفعہ ہذا کی منشار کے بموجب مداخلت کرنا متصور نہ ہوگا۔

تشخص

دفعہ (۱۷۱) د۔ جو کسی دوسرے زندہ یا مردہ شخص کے نام سے یا کسی فرضی شخص کے نام سے پرچہ رائے دہی کے لئے درخواست کرے یا رائے دے یا جو شخص ایسے انتخاب میں ایک بار رائے دے چکنے کے بعد اوسی انتخاب میں اپنے نام سے پرچہ رائے دہی کی

استدعا کرے اور جو شخص کسی شخص کی ان طریقوں میں سے کسی طریقہ سے رائے لینے میں اعانت کرے، یا اُسکو حاصل کرلے یا اُسکو حاصل کرلینے کا اقدام کرے تو وہ شخص سے کے جرم کا مرتکب ہوگا۔

رشوت کی سزا — دفعہ (۱۷۱ ہ) جو شخص جرم رشوت کا ارتکاب کرے تو اوسکو دونوں قسموں میں سے کسی قسم کی قید کی سزا دیجائیگی جس کی میعاد ایک سال تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائیں گی۔

اگر رشوت بطریق ضیافت ہو تو محض جرمانہ کی سزا دی جائے گی۔

تشریح:- ضیافت سے مراد اس طور کی رشوت ہے جو کھانے پینے تفریح کرانے یا رسد پہونچانے پر مشتمل ہو۔

بوقت انتخاب اثر ناجائز یا تشخص کی سزا۔ — دفعہ (۱۷۱ و) جو شخص کسی انتخاب کے وقت ناجائز دباؤ یا تشخص کے جرم کا ارتکاب کرے تو اوسکو دونوں قسموں میں سے کسی قسم کی قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک سال تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

غلط بیانی بسلسلۂ انتخاب — دفعہ (۱۷۱ ز) جو شخص کسی انتخاب کے نتیجہ پر اثر ڈالنے کی نیت سے کوئی بیان کسی امیدوار کے ذاتی چال چلن یا رویہ کے متعلق دے یا شائع کرے جس کا بطور اظہار واقعہ ہو درآنحالیکہ وہ غلط ہو نیز اوس کی بابت وہ شخص یا تو جانتا ہو یا باور کرتا ہو کہ وہ غلط ہے یا اوس کا صحیح ہونا باور نہ کرتا ہو تو اوسکو جرمانہ کی سزا دیجائے گی۔

خلاف قانون اخراجات متعلق انتخاب۔ — دفعہ (۱۷۱ ح) جو شخص بلا امیدوار کے تحریری اختیار عام یا خاص کے کسی جلسۂ عام کے منعقد کرنے کے بارے میں یا کسی اشتہار یا سرکلر یا اعلان کی اشاعت پر یا کسی طور پر

ہی ایسے امیدوار کے انتخاب کو فروغ دینے یا عمل میں لے آنے کے لئے اخراجات برداشت کرے یا اون کے کئے جانے کی اجازت دے تو اوس کو سزائے جرمانہ دی جائے گی جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکتی ہے۔

بشرطیکہ اگر کوئی شخص جس نے خاص یا عام اختیار کے بغیر کوئی رقم جو دس روپیہ سے زائد نہ ہو صرف کی ہو اور وہ اس تاریخ سے جب کہ وہ رقم صرف کی گئی ہو دس یوم کے اندر امیدوار سے اوسکی تحریری رضامندی حاصل کر لے تو اوس کی بابت خیال کیا جائے گا کہ اوس نے اخراجات مذکورہ امیدوار کی اجازت سے کئے ہیں۔

حسابات انتخاب رکھنے سے قاصر رہنا } دفعہ (۱۷۱ ط) جس شخص کو کسی قانون نافذ الوقت کے یا کسی ایسے قاعدے کے ماتحت جو قانون کا اثر رکھتا ہو ان اخراجات کا حساب رکھنا لازم ہو جو کسی انتخاب کے وقت یا اس کے متعلق ہوئے ہوں اور وہ ایسے حسابات رکھنے سے قاصر رہے تو اوس کو سزائے جرمانہ دیجائیگی جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکتی ہے

قانون ترمیم مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۳۵۸ف ۱۹۳۹ء

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ حسب ترمیم مصرحہ قانون ترمیم مجموعہ تعزیرات رامپور ۱۹۳۹ء مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور کے ضمیمہ (۲) کے باب الف کو ترمیم کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے:۔

تمہید۔ } دفعہ (۱) قانون ہذا کا نام قانون ترمیم مجموعہ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور ۱۹۳۹ء ہوگا۔

نفاذ ۔ } دفعہ (۲) قانون ہذا کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔
دفعہ (۳) بجائے موجودہ باب ۹ الف حسب ذیل بطور باب ۹ الف قایم کیا جائے۔

باب نہم الف جرائم متعلق انتخابات

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
دفعہ	جرم	آیا پولیس بے وارنٹ گرفتار کرسکتی ہے یا نہیں۔	آیا حسب معمول سمن یا وارنٹ جاری ہوگا یا سمن	آیا قابل ضمانت ہے یا نہیں	آیا راضی نامہ ہو سکتا ہے یا نہیں	سزا حسب مجموعہ تعزیرات ریاست رامپور	کس عدالت سے جرم کی تجویز ہوگی
۱۷۱ ک	رشوت	بلا وارنٹ گرفتار نہیں کرسکتا ہے	سمن	قابل ضمانت ہے	قابل راضی نامہ نہیں ہے	قید یک ساله دونوں قسموں میں سے ایک قسم کی یا جرمانہ یا دونوں یا اگر صرف بطریق ضیافت ہو تو صرف جرمانہ۔	مجسٹریٹ درجہ اول
۱۷۱ و	اثر ناجائز یا تشخص بوقت انتخاب	〃	〃	〃	〃	قید یک ساله دونوں قسموں میں سے ایک قسم کی یا جرمانہ یا دونوں۔	مجسٹریٹ درجہ اول
۱۷۱ ز	غلط بیانی سلسلہ انتخاب	〃	〃	〃	〃	جرمانہ	مجسٹریٹ درجہ اول
۱۷۱ ح	خلاف قانون ادائی متعلق انتخاب	〃	〃	〃	〃	پانچسو روپیہ جرمانہ	مجسٹریٹ درجہ اول
۱۷۱ ط	حسابات انتخاب رکھنے سے قاصر رہنا۔	〃	〃	〃	〃	〃	مجسٹریٹ درجہ اول

ترمیم قانون کارخانجات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ قانون کارخانجات ریاست رامپور ۳۰ء میں ترمیم کیجائے لہٰذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

نام ووسعت ونفاذ قانون۔ دفعہ ۱ (۱) یہ قانون ترمیم قانون کارخانجات ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کے نام سے موسوم ہوگا

۲۔ قانون ہٰذا کا نفاذ اوس کے گزٹ سرکاری میں شائع ہونے کی تاریخ سے کل ریاست رامپور میں ہوگا۔

ترمیم دفعہ ۲ ضمن (ط) دفعہ ۲۔ قانون کارخانجات ریاست رامپور ۱۹۳۶ء کی دفعہ ۲ کے ضمن ط کی بجائے حسب ذیل عبارت بطور ضمن ط قایم کی جائے

"ط" کارخانہ یا فیکٹری سے مراد وہ مکان مع اوس کے احاطہ کے ہے جس میں بیس یا زیادہ کارگر کام کرتے ہوں یا سابق بارہ ماہ میں کسی روز کیا ہو اور جس کے کسی حصہ میں صنعت و دستکاری کا کام کسی قوت کی امداد سے کیا جاتا ہو یا معمولاً اسی طریقہ سے کیا جائے لیکن اس میں کان شامل نہیں ہے۔